کی طرف چلی جاتی ہیں، کیونکہ پردہ کی وجہ سے مقام تعین کا وجود ختم ہو جاتا ہے۔ چوں کہ
مقام تعین کے احکام مقام تعین تک محدود ہیں لہٰذا مقام تعین کے پیش نظر حقیقت
واحدہ کا انکار قوتِ قدسیہ کی کمیٔ بصیرت کی دلیل ہے جو حقیقت کے سراسر خلاف ہے
اور اس کا انکشاف کلمہ طیبہ کے جز اول لا اور اِلہ سے ہوتا ہے۔ اس اجمال کی تفصیل
یہ ہے کہ لفظ الہ ماسویٰ اللہ پر محیط ہے اور ماسویٰ اللہ کی نفی یعنی اس کے عدمِ وجود کے لئے
یہ ایک ضابطہ ہے کہ واجب الوجود وہ ذات ہے جو اپنی معرفت کے لئے لفظ اللہ کے اسم
سے متعارف ہے اور اس کا واجب الوجود ہونا ہی ماسویٰ اللہ کے وجود کی نفی ہے۔
اس کا ظہور کلمہ پاک کی دوسری جز سے واضح ہے۔ بعض عارفین نے لفظ اللہ کو ماسویٰ اللہ
کی بجائے موجودات سے تعبیر کیا ہے اور اس کا مفہوم لا موجود اِلا اللہ بیان کیا ہے۔ الغرض
غور کرنے سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ کلمہ پاک کی حقیقت موجودات کی نفی اور اظہار
رسالت یعنی مقامِ ذاتیہ کے تعین کا نام ہے۔ اس سے نہ تو ممکنات کا باطل ہونا ثابت ہوتا
ہے اور نہ ہی اس سے عینیت ثابت ہوتی ہے۔

س : وحدت الوجود کسے کہتے ہیں ؟

ج : حقیقت ذاتِ باریتعالیٰ کا اقرار اور ماسویٰ اللہ کے ممکن الوجود ہونے کے اعتراف کو

وحدت الوجود کہتے ہیں جو حقیقتاً معدوم اور صورتاً مشہود ہے۔

س: ذکر کیا ہے؟

ج: توجہ الی اللہ میں ہمہ تن مصروف ہونے کا نام ذکر ہے۔

س: فکر کسے کہتے ہیں؟

ج: توجہ الی اللہ میں مکمل یکسوئی کا نام فکر ہے۔

س: پاس انفاس کیا ہے؟

ج: ماسوی اللہ کو دل سے نکالنا اور ان قوتوں کو جن پر اختیار ہوا نہیں اس پر صرف کرنا اور توجہ ذاتیہ میں مصروف ہونا پاس انفاس کہلاتا ہے۔ بظاہر اس میں لفظ اللہ کی ضربیں قلب پر لگائی جاتی ہیں اور ہر سانس میں اسم ذات پیش نظر ہوتا ہے۔

س: ذکر ثلاثہ کیا ہے؟

ج: پاس انفاس، انحد اور نفی اثبات کے ذکر کے مجموعہ کو ذکر ثلاثہ کہتے ہیں۔

س: توجہ ذاتیہ کسے کہتے ہیں؟

ج: ماسوی اللہ سے خیال کا ہٹانا یا ہٹ جانا اور اس کے لئے جد وجہد کرنا توجہ الی اللہ کہلاتا ہے گویا توجہ الی اللہ ابتدائی کیفیت کا نام ہے اور توجہ ذاتیہ مطلق فنائیت کی وجہ سے انتہائی کیفیت کو کہتے ہیں۔

س: ریا کیا ہے؟

ج: جس کام کے کرنے سے نفس کو تعریف کروانے کی خواہش پیدا ہو اسے ریا کہتے ہیں۔

س: آباد کون ہے؟

ج: جب تجلیات سے روح اور قلب بیدار ہوں تو یہ کیفیت آباد ہونے پر دلالت کرتی ہے

س: برباد کون ہے؟

ج: جب روح اور قلب میں ماسوی اللہ کی محبت و رغبت موجود ہو تو یہ کیفیت برباد ہونے

پر دلالت کرتی ہے۔

س: آزاد کون ہے؟

ج: فکر اور ذکر سے جو روحی بلندی اور پرواز حاصل ہوتی ہے اس کیفیت کو آزادی کہا جاتا ہے

س: قید کیا ہے؟

ج: ہوائے نفسانی، ذکر، فکر اور عبادت میں انقباض پیدا ہونا قید ہے۔

س: خوشی کیا ہے؟

ج: نتائج کی پرواہ کئے بغیر ذکر اور فکر کے بعد ارتقائی کیفیت کا نام خوشی ہے اور اس کے خلاف کو غمی کہتے ہیں۔

س: قبض کیا ہے؟

ج: ذکر، فکر اور عبادت میں عدم توجہ اور ثمرات کا عدم حصول قبض ہے اس کی دو قسمیں ہیں اول ناقص اور دوم محمود۔

قبض ناقص کمی استعداد کی وجہ سے ہوتی ہے اور محمود بطور آزمائش ہوتی ہے۔

س: استعداد کسے کہتے ہیں؟

ج: توجہ الی اللہ میں مناسبت کا پیدا ہونا اور اس میں اضافہ ہونا استعداد کہلاتا ہے۔

س: بسط کیا ہے؟

ج: توجہ الی اللہ میں انوار باطنیہ کی تجلیات کا نام بسط ہے۔

س: بیعت کیا ہے؟

ج: بیعت اس رشتہ ارادت، عقیدت، اقرار باللسان و تصدیق بالقلب کا نام ہے جس سے ترک علائق ہو کر توجہ الی اللہ کی رغبت ہوتی ہے اور اس میں یہ ضروری ہے کہ یہ عہد کسی ایسے آدمی کے سامنے کرے جس کے ساتھ اسے ارادت بھی ہو۔

اس کی جو کیفیتیں ظاہر سے تعلق رکھتی ہیں وہ چار قسموں پر مشتمل ہیں۔ اول بیعت اسلام، دوئم

بیعت توبہ، سوم بیعت جہاد و چہارم بیعت توسل۔

بیعت کی مندرجہ ذیل قسمیں عالم باطن اور ارواح سے تعلق رکھتی ہیں:-

بیعت ارادت، بیعت تربیت، بیعت تبرک، بیعت طریقت۔

اہل باطن کے نزدیک بیعت تربیت اور بیعت طریقت ہی ایسی بیعتیں ہیں جن سے عالم ارواح اور باطن کا انکشاف ہوتا ہے۔ جو بیعتیں عالم ظاہر سے تعلق رکھتی ہیں ان میں سے اول الذکر دونوں بیعتوں کے نہ ہونے سے عالم ارواح سے تعلق رکھنے والی بیعتیں نہیں ہو سکتیں۔

س: بیعت کی غرض کیا ہے؟

ج: بیعت کی غرض و غایت صرف ترکِ ماسوی اللہ ہے۔

س: خلافت کسے کہتے ہیں؟

ج: کسی سالک کے سفر سلوک طے ہونے کے بعد اس کی تکمیل کی خوشی میں اپنے شیخ کی طرف سے خوشی کے اظہار کا نام خلافت ہے اور یہ امر بھی بیعت کی طرح دو باتوں پر مشتمل ہے اول یہ کہ کوئی شخص اپنے شیخ کی نمائندگی کے لئے نامزد ہو جائے اور شیخ کے اصول و ضوابط کے پرچار کرنے کی اسے اجازت حاصل ہو جائے اور اسکے لئے خلافت کی رسومات عطائے تبرکات و دستار بندی وغیرہ ادا کر دی جائے۔ خلافت کی دوسری قسم یہ ہے کہ کسی شخص کی تبرک کے طور پر دستار بندی کی جائے۔ خلافت کی تیسری قسم یہ ہے کہ شیخ کسی کو منازل سلوک طے کرانے کے بعد اسے دوسرے لوگوں کی تعلیم و تربیت کے لئے اہل قرار دے دے۔

س: سجادگی کیا ہے؟

ج: شیخ کے بعد جو شیخ کے تبرکات کا وارث ہو اسے سجادہ نشین کہتے ہیں۔

س: شیخ کسے کہتے ہیں؟

ج: شیخ اس برگزیدہ ہستی کو کہتے ہیں جو اصلاح ظاہر اور اصلاح باطن کے اصول و ضوابط سے واقف ہو اور ان کی تبلیغ و تعلیم کو عام کرنے کے لئے ہمہ تن مصروف رہے۔

س : سنت کیا ہے ؟

ج : سنت ایسے فعل کا نام ہے جو صاحبِ سنت کو محبوب ہو۔

س : صاحبِ سنت کون ہے ؟

ج : صاحبِ سنت وہ کامل ہستی ہے جس کے قول و فعل کی پیروی اسکی ہدایات کے مطابق لازمی ہو۔ ان کامل ہستیوں میں سے سب سے کامل اور اکمل ہستی ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

پانچویں مجلس

مورخہ ۶ جنوری سنہ ۱۹۷۲ء مطابق ۱۸ ذی قعدہ سنہ ۱۳۹۱ھ بروز جمعرات

مجلس میں حاضری کی سعادت حاصل ہوئی اور سلسلۂ گفتگو مندرجہ ذیل سوالات سے آغاز ہوا :-

س : سالک کسے کہتے ہیں ؟

ج : ایسے طریق کو اختیار کرنے والا جن کا نتیجہ معرفتِ الہیہ ہو سالک کہلاتا ہے۔

س : سلوک کیا ہے ؟

ج : ایسی ریاضتوں کو جو معرفتِ الہیہ کے لئے ممد و معاون ہوں سلوک کہتے ہیں۔

س : معرفتِ الہیہ کیا ہے ؟

ج : ایسی کیفیت کا نام ہے جو حوادث اور موافق و مخالف واقعات سے متاثر نہ ہو اور ہر حالت میں ایک لذت محسوس ہو نیز لطائف باطنیہ مثالی صورتوں میں سامنے ہوں اور ہر امر میں امرِ الٰہی کے جلوہ کا مشاہدہ ہو۔

س : ریاضت کسے کہتے ہیں ؟

ج : ایسے وظائف اور طریقے جن سے لطائف قلبیہ روشن ہوتے ہیں ریاضت کہلاتے ہیں۔

س : لطائف کیا ہیں ؟

ج : ان باطنی انوار کو کہتے ہیں جو مختلف شکلوں میں نظر آتے ہیں عام طور پر تو صرف لطائف ستہ ہی کی شہرت ہے لیکن میرے نزدیک اتنے لطائف ہیں جو اعداد و شمار سے باہر ہیں۔

س : لذت کیا ہے ؟

ج : لذت ایسی کیفیت کا نام ہے جس سے روح میں تازگی پیدا ہو۔

س : باطن کسے کہتے ہیں ؟

ج : ہر وہ چیز جس کا مشاہدہ محض روحانی کیفیت کے پیدا ہونے سے ہی کیا جا سکے اسے باطن کہتے ہیں اور اس امر کو پیش نظر رکھتے ہوئے بعض جسمانی امراض اور قوت متخیلہ کی وجہ سے جو شکلیں اور صورتیں نظر آتی ہیں آسانی سے فرق کیا جا سکتا ہے۔

س : لطائفِ قلبی اور دیگر لطائف میں کیا فرق ہے ؟

ج : جن انوار کا تعلق قلب سے ہو انہیں لطائف قلبیہ کہتے ہیں۔ اور جن کا تعلق روح سے ہو انہیں لطائف روحی کہتے ہیں۔ جو انوار ملائے اعلےٰ میں نظر آتے ہیں انہیں لطائف علوی اور جو زمین اور اسکے متعلقات میں نظر آتے ہیں ان کو لطائف سفلی کہتے ہیں۔ مجموعی طور پر ان سب کو لطائف باطنی کہتے ہیں۔ لطائف روحی سبز رنگ میں ظاہر ہوتے ہیں۔ یعنی جو صورتیں یا چیزیں نظر آئیں ان پر سبز رنگ غالب ہوتا ہے۔ لطائف قلبی کا رنگ زرد ہوتا ہے اور لطائف برزخی مختلف رنگوں میں نظر آتے ہیں۔ لطائف روحی میں جو آثار اور صورتیں نظر آتی ہیں وہ پرواز کرتی نظر آتی ہیں۔

س : مشاہدہ کسے کہتے ہیں ؟

ج : وہ کیفیتیں اور صورتیں جو دل پر وارد ہوں یا بصارت اور بصیرت سے نظر آئیں۔ اسکی عام طور پر تین قسمیں ہوتی ہیں۔ اول ظاہری آنکھوں سے نظر آنا۔ دوم آنکھیں بند کر کے مراقبہ کی صورت میں دیکھنا سوم خواب میں دیکھنا۔

س : صورتِ مثالی کیا ہے ؟

ج : کسی مقام یا شخصیت کی مثل کوئی صورت نظر آنا یا بعینہٖ وہ مقام یا شخصیت ایسے رنگ میں دیکھنا جو بظاہر کسی ذریعہ سے ممکن نہ ہو۔

صورتِ مثالی کی تین قسمیں ہیں : عینی ، ظلّی اور مثالی۔

عینی اُس صورتِ مثالی کو کہتے ہیں جو روحی اور جسدی لوازمات کے ساتھ نظر آئے۔

ظلّی وہ صورتِ مثالی ہے جو اصلی صورت کے مطابق ہو لیکن بعینہٖ وہ نہ ہو۔

مثالی وہ صورت ہے جو اصلی صورت کے مشابہ نہ ہو بلکہ کسی دوسری شکل کو کسی اصلی صورت کے قائم مقام سمجھا جائے۔

س : روح کیا ہے ؟

ج : روح سے مراد وہ امرِ ربّی اور باطنی قوت ہے جو جسم کے بغیر موجود ہے اور مادی وجود اس کے افعال کا مظہر ہے۔ اربابِ تصوف تمام باطنی کیفیتوں کی نسبت روح کی طرف کرتے ہیں۔

س : عالم ہاہوت کسے کہتے ہیں ؟

ج : عالم ہاہوت محویت فی اللہ کی اس کیفیت کا نام ہے جہاں ماسوی اللہ کا وجود نہیں ہوتا اسے فنائے خاصہ بھی کہتے ہیں۔

س : محویت فی اللہ کیا ہے ؟

ج : محویت فی اللہ ان قلبی کیفیتوں کا نام ہے جن سے آدمی کے جسم اور روح میں ماسوی اللہ کا تصور باقی نہیں رہتا۔

س : محویت مطلق کسے کہتے ہیں ؟

ج : محویت مطلق ایسی بے ہوشی اور مستی کو کہتے ہیں جس سے عالم باطن کے اسرار زبان اور وجود سے ظاہر ہوتے ہیں۔

س : ماسوی اللہ کیا ہے ؟

ج : حقیقت کے علاوہ ہر چیز ماسوی اللہ ہے۔
س : حقیقت کسے کہتے ہیں ؟
ج : امر الہٰی کے نتائج لفظی معنوی اور ظاہری و باطنی حقیقت کہلاتے ہیں۔
س : امر الہٰی کیا ہے ؟
ج : اس قانون کو جو انبیاء علیہم السلام کے واسطہ سے لوگوں پر ظاہر کیا جائے امر الہٰی کہتے ہیں۔
س : غیر اللہ کیا ہے ؟
ج : اصطلاح میں غیر اللہ اسے کہا جاتا ہے جسے حق کے مقابلہ میں قائم سمجھا جائے۔
س : طریقت کیا ہے ؟
ج : ان اسرار و معارف کا نام طریقت ہے جنہیں اپنا کر عالم برزخ، عالم غیب اور عالم ارواح کا مشاہدہ ہوتا ہے۔
س : عرفان کیا ہے ؟
ج : طریقت کے اسرار و معارف پر آگاہ ہونے سے جو نتیجہ مرتب ہوتا ہے اسے عرفان کہتے ہیں۔
س : ایمان کیا ہے ؟
ج : عالم غیب کی حقیقت کا یقین کرنا ایمان ہے اور اس کے انوار اور مقامات کا مشاہدہ احسان ہے۔
س : تقویٰ کیا ہے ؟
ج : منہیات سے دامن بچا کر چلنا جس میں افراط و تفریط نہ ہو اور قول و فعل میں احتیاط و اعتدال کو تقویٰ کہتے ہیں۔
س : صبر کیا ہے ؟

ج : ایسے امور پر جن کی وجہ سے جسم اور روح کو تکلیف پہنچے شکایت نہ کرنا صبر کہلاتا ہے

س : رضا کیا ہے ؟

ج : نوشتۂ تقدیر کے وقوع ہونے سے دل میں قبض نہ ہونے کا نام رضا ہے ۔

س : قضا کیا ہے ؟

ج : نوشتۂ تقدیر جو واقع ہو جائے قضا کہلاتا ہے ۔

س : شوق کیا ہے ؟

ج : معرفت الٰہیہ کے لئے دل میں جو بے چینی ہوتی ہے اسے شوق کہتے ہیں ۔

س : ذوق کسے کہتے ہیں ؟

ج : شوق کی کیفیت میں جو لذت محسوس ہوتی ہے اسے ذوق کہتے ہیں ۔

س : محبت اور عشق میں کیا فرق ہے ؟

ج : طبیعت کے عام میلان کو رجوع کہتے ہیں ۔ جب اس میں اضافہ ہو جائے اور وہ علم و عقل کے دائرہ میں رہے تو اسے محبت کہتے ہیں اور اگر وہ علم و عقل کی حدود سے تجاوز ہو جائے تو اسے عشق کہتے ہیں ۔

س : وجد کیا ہے ؟

ج : وجد اس قلبی کیفیت کو کہتے ہیں جس میں طبیعت بے قابو ہو جائے ۔

س : تسلیم کیا ہے ؟

ج : بغیر کسی منفعت در نتیجہ کے معرفت الٰہیہ کی طرف قدم بڑھانے کا نام تسلیم ہے ۔

س : سِر کسے کہتے ہیں ؟

ج : وہ امور جن کا تعلق عالم باطن کے مشاہدات سے ہوا نہیں اسرار باطنی کہتے ہیں اور جن کا تعلق عالم ناسوت سے ہوا نہیں اسرار ظاہری کہتے ہیں ۔

س : عالم ناسوت کونسا عالم ہے ؟

ج : اس جہان رنگ و بو کو عالمِ ناسوت کہتے ہیں۔

س : عالمِ ملکوت کیا ہے ؟

ج : عالمِ ناسوت کے باطنی اسرار کو عالمِ ملکوت کہتے ہیں۔

س : جبروت کیا ہے ؟

ج : عالمِ ملکوت کے باطنی مقامات کا نام جبروت ہے۔

س : لاہوت کیا ہے ؟

ج : اسرار ملکوت کی خصوصی کیفیت کو لاہوت کہتے ہیں۔

س : خفی کیا ہے ؟

ج : ایسے اوراد، وظائف، اعمال، اشغال اور مشاہدات کو جو عالم باطن سے متعلق ہوں خفی کہتے ہیں :

س : جلی کسے کہتے ہیں ؟

ج : ایسے اوراد، وظائف، اعمال، اشغال اور مشاہدات کو جو عالمِ ظاہر سے متعلق ہوں جلی کہتے ہیں :

س : اسمائے سے کیا مراد ہے ؟

ج : ایسے اسما جو اسمِ ذات کی صفت کے طور پر واقع ہوں اور ان میں اسم ذات کی مختلف تجلیات کا اشارہ پایا جائے۔

س : اسمِ ذات سے کیا مراد ہے ؟

ج : اسمِ ذات سے مراد وہ اسم ہے جس سے خالق اور مخلوق میں تفریق ہوتی ہے۔

س : صفات کسے کہتے ہیں ؟

ج : اسمِ ذات کی ایسی تعریفوں کو صفات کہتے ہیں جو لفظوں میں بیان ہو سکیں۔

س : ذات واجب الوجود کسے کہتے ہیں ؟

ج : جو تمام قیود سے پاک ہو۔

س : تصور الٰہ کیا ہے ؟

ج : ذات واجب الوجود کی معرفت کا نام تصور الٰہ ہے۔

س : مبداء اور معاد کیا ہے ؟

ج : ابتدائے آفرینش اور ظہور کا نام مبداء ہے اور آفرینش کی انتہا کو معاد کہتے ہیں۔

س : جذب کیا ہے ؟

ج : ایسی کیفیت جس میں کوشش کا دخل نہ ہو۔

س : مجذوب کسے کہتے ہیں ؟

ج : جسے جذب کی سعادت حاصل ہو۔

س : سکر کیا ہے ؟

ج : سکر ایسی حالت کا نام ہے جس میں ظاہری حواس معطل اور باطنی بیدار ہوں۔ سکر کی دو قسمیں ہیں۔ حقیقی اور ذیلی۔

۱۔ حقیقی سکر وہ ہے جو صاحب سکر کے باطنی منصب سے متعلق ہو۔

۲۔ ذیلی سکر وہ ہے جو بلا منصب ہو۔

س : عارف کسے کہتے ہیں ؟

ج : عارف وہ ہوتا ہے جس کی نظر عالم باطن پر ہو۔

س : کامل کون ہے ؟

ج : جو اپنے عزم، اعمال اور اشغال میں پختہ ہو۔

س: غیبت کیا ہے ؟

ج: ایسے امور کا از روئے حسد یا مخالفت بیان کرنا جن کا تعلق کسی دوسرے کی ذات یا صفات سے ہو۔

س: نمیمت کیا ہے ؟

ج: کسی کی پردہ دری اور افشائے راز کا نام نمیمت ہے۔

س: بدعت کسے کہتے ہیں ؟

ج: ایسے امور کی پیروی جن سے حدود اللہ میں کمی یا زیادتی واقع ہو۔

س: بغض کیا ہے ؟

ج: کسی اچھائی یا برائی کی وجہ سے قلبی منافرت کا نام بغض ہے۔

س: مراقبہ کیا ہے ؟

ج: ماسوی اللہ سے خیالات کو پاک رکھنے کا نام مراقبہ ہے۔

س: محاسبہ کیا ہے ؟

ج: نظری، فکری، روحانی وجسمانی کیفیتوں پر تنقیدی نظر کا نام محاسبہ ہے۔

س: شرک کیا ہے ؟

ج: ماسوی اللہ کو معبود سمجھ کر اس سے وابستگی شرک ہے۔

س: توحید کیا ہے ؟

ج: ذات باری تعالیٰ کی یکتائی کا اقرار توحید ہے۔

س: نماز کیا ہے ؟

ج: نبی اکرم صلی اللہ علیہ کے مقرر کئے ہوئے وظائف اور اعمال کو ان کے مقررہ وقت پر ادا کرنا اور مسنون طریقہ سے عبادت کرنیکا نام نماز ہے۔

س : اکمل کون ہے ؟

ج : جو اپنے ارادہ میں بہت زیادہ مضبوط ہو

س : کمال کیا ہے ؟

ج : باطنی علوم میں کمال ہونا کمال خاصہ ہے اور ظاہری علوم میں دسترس ہونا کمال عامہ ہے

س : ولایت کیا ہے ؟

ج : ولایت ایک منصب ہے جو عالم باطن میں اسکے اہل کو تفویض ہوتا ہے ولایت کی تین مشہور قسمیں ہیں :-

۱. فطری ۲. وہبی ۳. عامہ

س : ولایت فطری کسے کہتے ہیں ؟

ج : ولایت فطری اس ولایت کا نام ہے جو عالم ارواح میں تفویض ہو۔

س : ولایت وہبی کیا ہے ؟

ج : وہ ولایت جو کسی کامل کی توجہ سے حاصل ہو ولایت وہبی کہلاتی ہے۔

س : ابدالیت کیا ہے ؟

ج : ولایت کے ایک خاص درجہ کا نام ہے ۔

س : ولی کسے کہتے ہیں ؟

ج : جسے منصب ولایت حاصل ہو ۔

س : غوث کسے کہتے ہیں ؟

ج : جو شخص قطبیت کے منصب پر فائز ہو اور تصرفات قویہ رکھتا ہو اسے غوث کہتے ہیں ۔

س: قطب کسے کہتے ہیں ؟
ج: قطب ایسے ولی کو کہتے ہیں جس کا وجود عالم کے قیام کے لئے لازمی ہو۔ اسے قطب مدار یا قطب تکوین بھی کہتے ہیں۔
س: فرد کسے کہتے ہیں ؟
ج: فرد ایسے ولی کو کہتے ہیں جو اپنے احوال میں یگانہ ہو ان کے سردار کو فردِ اکبر کہتے ہیں۔ فرد تعداد میں سات ہوتے ہیں۔
س: قطب الارشاد کسے کہتے ہیں ؟
ج: ایسے ولی کو کہتے ہیں جس کے ذمے رشد و ہدایت کا کام ہو۔
س: عقیدت و ارادت میں کیا فرق ہے ؟
ج: شیخ سے عہد و پیمان کا نام عقیدت ہے اور اس پر خلوص کے ساتھ عمل پیرا ہونے کا نام ارادت ہے۔
س: مرید کسے کہتے ہیں ؟
ج: معرفت الٰہیہ کے لئے مصمم عزم کرتے ہوئے شیخ کامل کے زیر سایہ تربیت حاصل کرنے کا نام مریدی ہے۔
س: مرشد کسے کہتے ہیں ؟
ج: مرکز رشد و ہدایت جس کی تجلیات سالک کی تربیت کے لئے مشعل راہ ہوں اسے مرشد کہتے ہیں۔
س: ہدایت کیا ہے ؟
ج: وہ کیفیتیں جن کا تعلق جسم اور روح کی اصلاح سے ہو اسے ہدایت کہتے ہیں۔
س: گمراہی کیا ہے ؟
ج: حقیقت واقعی کے انکار سے جو کیفیتیں جسم و روح میں پیدا ہوں انہیں گمراہی کہتے ہیں۔

س : روزہ کیا ہے ؟

ج : جسمانی اعضا کو خواہشات نفسانی سے مطابق ارشادِ خداوندی روکنے کا نام روزہ ہے۔

س : حج کی حقیقت کیا ہے ؟

ج : تجلیاتِ الٰہیہ کے مرکز کا طواف اور شعائر اللہ کی تعظیم کا نام حج ہے۔

س : تربیت کیا ہے ؟

ج : شیخ کامل کے زیر سایہ رہ کر باطنی کیفیت کی درستی، اصلاح نفس، اصلاح احوال اور مشاہدات حاصل کرنے کا نام تربیت ہے اور اس میں اوراد و وظائف اور اعمال بھی شامل ہیں۔ تربیت کے لئے نسبت اور ارادت کا ہونا بھی لازمی ہے

س : سعادت کیا ہے ؟

ج : باطنی کشائش اور اسکے لئے مصروفیت سعادت ہے

س : شیخ کامل کسے کہتے ہیں ؟

ج : جس میں اصلاح ظاہر اور باطن کرنے کی صلاحیت ہو۔

س : شقاوت کیا ہے ؟

ج : اصلاح احوال کا جذبہ اور شوق نہ ہونا شقاوت ہے۔

س : کرامت کیا ہے ؟

ج : کرامت شرف و تکریم اور احوال باطن سے متعلق ہے اور ولایت شرف و تکریم کا ایک خاص مقام ہے۔ اسلئے ولی سے صدور کرامت لازمی ہے۔

س : بعض لوگ کہتے ہیں کہ ولی سے کرامت کا صدور ضروری نہیں ؟

ج : میرے نزدیک یہ قول درست نہیں۔ کیونکہ کرامت شرف و تکریم کی علامت خاصہ ہے اور ولی کو صرف کرامت ہی دوسرے لوگوں سے ممتاز کرتی ہے۔ چونکہ کرامت ولایت کی علامت ہے اور اس کے بغیر ولایت متصور نہیں۔ لہذا جس سے کرامت کا صدور نہ

اس کی ولایت کی تصدیق نہیں ہوتی۔

س: کرامت کی حقیقت کیا ہے؟

ج: کرامت اپنے افعال اور اپنے واقعات کے ظہور کا نام ہے جس کا عالم ناسوت کے قوانین کی رد سے وقوع ہونا ممکن نہ ہو یا گر ممکن ہو تو اس میں کوئی ایسی صورت پائی جائے جو قوانین ظاہر کے مطابق محال ہو۔ کرامت کی پہلی تعریف کی مثال احیائے موتیٰ ہے اور دوسری تعریف کی مثال آصف بن برخیا کا تخت بلقیس لانا ہے ولی سے جو کرامات ظاہر ہوتی ہیں۔ ان کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ جو اس کے وجود سے ظاہر ہوتی ہیں اس کا اسے علم ہونا ضروری نہیں اور دوسری قسم وہ ہے جو اس کے تصرفات سے تعلق رکھتی ہے اس کا اسے علم ہونا لازمی ہے۔ ویسے کرامت کی بے شمار اقسام ہیں اور یہ سب اقسام اپنے اپنے مقام پر ایک خاص رنگ کی حامل ہوتی ہیں۔ کرامت کے سلسلے میں یہ امر بھی ملحوظ رکھنا چاہیئے کہ یہ صرف ایسے خرق عادت فعل کا نام ہے جو صاحب ولایت سے سرزد ہو۔

س: خرقِ عادت کیا ہے؟

ج: ایسے امور جن کا ظہور ظاہری ذرائع سے نہ ہو سکے۔

س: معجزہ کیا ہے؟

ج: وہ خرق عادت امور جو انبیاء کے وجود اور تصرف سے ظاہر ہوں اور ان کا انہیں علم ہو۔

س: زندگی کیا ہے؟

ج: کسی شے کا اپنی خاصیت کے مطابق موجود ہونا زندگی ہے۔

س: موت کیا ہے؟

ج: کسی شے کا اپنے خواص سے محروم ہونا موت ہے۔

س : بخل کیا ہے ؟

ج : ایسی شے کا جو اپنے قبضۂ قدرت میں ہو اسے اس کے مصرف پہ نہ لگانا بخل ہے۔

س : اسراف کیا ہے ؟

ج : کسی شے کو اسکے مصرف پر خرچ نہ کرنا اور ضرورت سے زائد اس کا استعمال کرنا اسراف ہے۔

س : ایثار کیا ہے ؟

ج : اپنی ضرورت کو پس پشت ڈال کر دوسرے کی ضرورت کو پیش نظر رکھنا ایثار ہے اور اگر اس میں وارفتگی پائی جائے تو قربانی ہے۔

س : غنا کیا ہے ؟

ج : نفع اور نقصان سے متاثر نہ ہونا غنیٰ ہے۔

س : توبہ کیا ہے ؟

ج : ولایت کے حصول کے لئے مقاماتِ عشرہ میں سے پہلا مقام ہے۔

س : مقامات عشرہ کے کیا نام ہیں ؟

ج : توبہ، انابت، زہد، قناعت، ورع۔ صبر، شکر، توکل، تسلیم اور رضا۔

س : باب الابواب کسے کہتے ہیں ؟

ج : توبہ کو باب الابواب بھی کہتے ہیں۔ سیر رجوعی کا پہلا مقام بھی توبہ ہی ہے اور سیر فی اللہ کے لئے یہ پہلا دروازہ ہے۔

س : معصیت کیا ہے ؟

ج : حدود اللہ سے تجاوز کا نام معصیت ہے۔

س : اطاعت کیا ہے ؟

ج : حدود اللہ سے تجاوز نہ کرنے کا نام اطاعت ہے۔

س : تواضع کیا ہے ؟

ج : اپنے مقام سے اپنے آپ کو کمتر سمجھنا تواضع ہے اور اس پر عمل کرنا انکساری ہے ۔

س : خشوع اور خضوع کیا ہے ؟

ج : قلب میں خوف خداوندی کا غلبہ خشوع ہے اور اس خوف سے قلب کا متاثر ہونا خضوع ہے ۔

س : کرم کیا ہے ؟

ج : وہ انعام جو عمل کی مزدوری کے علاوہ ہو ۔

س : کریم کے معنی کیا ہیں ؟

ج : یہ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ہے ۔ مجازاً اس آدمی کو بھی کہتے ہیں جس میں احسان کرنے کی صفت پائی جاتی ہو ۔

س : کامیاب کون ہے ؟

ج : جس کے مجاہدہ میں فرق نہ آئے ۔

س : ناکام کون ہے ؟

ج : جس کے دل سے تلاش اور جستجو کی آرزو ختم ہو جائے ۔

س : نفی کیا ہے ؟

ج : ممکن الوجود اور واجب الوجود کی حقیقت سے آگاہ ہونا ۔

س : اثبات کیا ہے ؟

ج : واجب الوجود کی ذات و صفات کا اقرار کرنا اثبات ہے ۔

س : اطمینان کیا ہے ؟

ج : نیک و بد اثرات سے قلب کے محفوظ رہنے کا نام اطمینان ہے ۔

س : ممکن الوجود اور واجب الوجود میں کیا فرق ہے ؟

ج : ممکن الوجود کو اپنے وجود کے لئے احتیاج کی ضرورت ہے اور اس کا وجود واجب الوجود کا مظہر اور اعتباری ہوتا ہے لیکن واجب الوجود اپنے موجود ہونے میں کسی کا محتاج نہیں اور نہ ہی کسی کا مظہر ہے۔ ممکن الوجود کا تعلق تخلیقی اور ظلی ہے اور واجب الوجود ظل اور تخلیق کی قید سے آزاد ہے۔

تخلیق مادہ اور اپنے لوازمات سے وابستہ ہوتی ہے اور ظل بھی اپنے اصل کا محتاج ہے۔ لیکن واجب الوجود تعینات، حدود ابتداء، انتہا اور تغیر و تبدل سے پاک ہے ممکن الوجود کا وجود تعین سے ہی قائم ہے اور مذکورہ صفات کے بغیر اس کا وجود متصور نہیں۔

واجب الوجود کے وجود میں خیر و شر، نور و ظلمت اور صورت کا تعین نہیں لیکن ممکن الوجود میں خیر و شر اور نور و ظلمات کی کیفیتیں موجود ہیں۔ بلکہ صورت کے تعین سے ہی اس کا وجود متصور ہے۔

ممکن الوجود عالم ناسوت، عالم برزخ، عالم ملکوت اور عالم آخرت میں صورت اور مشاہداتی امور میں متعدد احوال میں ایک خاص حیثیت کا حامل ہے اور عوالم کے تغیر و تبدل سے وہ پورا پورا اثر پذیر ہے۔ لیکن واجب الوجود پر عوالم کی تبدیلی سے کوئی تغیر واقع نہیں ہوتا۔ ممکن الوجود کیلئے کسی نہ کسی امر اور قانون کی پابندی ضروری ہے۔

لیکن واجب الوجود پر کسی امر کی قید نہیں اور نہ کوئی ضابطہ اس پر حاوی ہے ممکن الوجود کی قدرت بصارت اور سماعت کی ایک حد مقرر ہے لیکن واجب الوجود کی قدرت غیر محدود ہے۔ واجب الوجود کے لئے عدم اور شہود برابر ہیں۔ لیکن ممکن الوجود کا وجود صرف شہود ہی سے قائم ہے جب ممکن الوجود کا عروج ہوتا ہے اور اسے مقام عدم کا انکشاف ہوتا ہے تو اسے واجب الوجود کی حقیقت سے آگاہی ہو جاتی ہے۔ جسے صوفیاء کی اصطلاح میں وحدت الوجود کہتے ہیں۔ اس مسئلے کو آسان لفظوں میں اس طرح بھی سمجھا جا سکتا

ہے کہ موجودات کے دو عالم ہیں۔ اول عدم دوم شہود۔ جب شہود غائب ہو جائے تو عدم میں صرف ذات واجب الوجود قائم ہے اور کوئی دوسرا وجود وہاں متصور نہیں تو لامحالہ اس حقیقت واقعی کو کہ لا موجود الا اللہ تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ اور موجوداتِ عالم کی حقیقت صرف حکمی، اعتباری اور تعیناتی رنگ میں ہے۔ نہ یہ کہ حقیقی اور واقعی۔

یہ حقیقت تسلیم کرنے سے مظاہر سے تمام اعتراضات بھی ختم ہو جاتے ہیں کیونکہ ننگ بد اور ظلمت و نور کے احکام کے اثرات صورت تعین پہ ہیں۔ جو فی نفسہٖ عدم میں ہے اور صورت تعین کے احکام مرتبہ لاتعین پر حاوی نہیں کیونکہ حکم صرف صورت تعین پہ ہے۔ اور مرتبہ لاتعین میں اس کا کوئی وجود نہیں۔

پس معلوم ہوا کہ واجب الوجود صرف ذاتِ باری تعالیٰ جل شانہٗ ہے جو ہر قسم کی قیود سے پاک ہے اور اس کا تعلق عدم اور شہود دونوں سے برابر ہے۔ لیکن ممکن الوجود کا تعلق صرف عالم شہود کے ساتھ ہے اور اس میں بھی وہ صرف تعیناتی صورت میں موجود ہے اور واجب الوجود کا ظہور عالم شہود میں تعیناتی رنگ میں ہے نہ کہ عینیت کی صورت میں لہذا موجوداتِ عالم اپنی صورت میں بعینہٖ ذاتِ باری تعالیٰ نہیں ہیں لیکن اصحاب معرفت جانتے ہیں۔ کہ موجودات کی جب اعتباری اور تعیناتی صورت ختم ہو جائے۔ تو مرتبہ لاتعین میں اس کی غیریت متصور نہیں رہی یہ بات کہ عالم موجودات کے جمیع مظاہر ذات کیا واجب الوجود کی صفت کے طور پر مشہود ہیں یا ذاتی طور پر، اگر ذاتی طور پر مشہود ہیں تو کیا یہ عین ذات ہیں یا تجلیات فان

اور اگر صفاتی طور پہ ہیں تو کیا صفات داخل فی الذات ہیں یا خارج عن الذات اگر داخل فی الذات ہیں تو کیا جزو ذات ہیں؟ یا ظل؟ اور اگر خارج عن الذات ہیں تو کیا ان کی حیثیت ذات سے جداگانہ ہے یا نہیں۔ تو اس بات کو سمجھنے کے لئے آسان

صورت یہ ہے کہ اس کے مقامات کو سمجھ لیا جائے۔ اور سوائے مقامات کے سمجھنے کے
کوئی ایسی صورت نہیں ہے کہ یہ پیچیدہ اور ماورائے عقل مسئلہ سمجھ میں آجائے جیسا کہ
پہلے بتایا جا چکا ہے کہ احکام اور پابندی کا تعلق عالم شہود کے مقام تعینات سے ہے
چونکہ عالم تعینات کی حقیقت اور اصل مرتبہ لاتعین ہے۔ اسلئے مقام تعینات میں جمیع
مظاہر اپنی صورت اور صفات میں جو حیثیت رکھتے ہیں اس پر مقام تعینات
کے احکام اور قوانین حاوی ہیں۔ لیکن جب وہی مظاہر سیر عروجی میں مقام لاتعین
میں ہوں تو وہ مقام تعین کے احکام اور قوانین کی قید سے پاک ہیں۔

چھٹی مجلس

۷ جنوری ۱۹۷۲ء بروز جمعہ ۱۹ ذی قعد ۱۳۹۱ھ بعد از نماز جمعہ۔

بارگاہ عالیہ میں حاضری کی سعادت حاصل ہوئی۔ اس وقت حضور دیوان خانہ عام
میں جلوہ فرما تھے۔ یاران طریقت میں سے قاضی محمد کاظم نوشاہی، قاضی محمد یوسف نوشاہی اور
چند دیگر احباب بھی مجلس میں حاضر تھے۔ احقر نے اجازت حاصل کرنے کے بعد استفسار
کیا کہ اثبات باری تعالےٰ کے دلائل ارشاد کئے جائیں۔ حضور نے جواباً فرمایا :-
"نظام کائنات ذات باری تعالیٰ جل شانہ کے موجود ہونے پر ایک واضح برہان
ہے اور اس کی قدرت، حکمت اور بے نیازی پر ناقابل تردید دلیل ہے۔
شمس و قمر، نجوم و ثواقب، زمین و آسمان، پہاڑوں کی بلند چوٹیاں، موجیں مارتا ہوا
سمندر اور یہ عالم کبیر جسے انسان کہتے ہیں۔ ذات واجب الوجود کی قدرت اور حکمت
کی نشانیاں نہیں تو اور کیا ہیں ؟
معمولی غور و فکر کرنے کے بعد یہ امر اظہر من الشمس ہو جاتا ہے کہ یہ سب تصویریں
مصور کی ذات پر دلالت کرتی ہیں افلا تبصرون

موسم بہار کی تازگی، خزاں کی پژمردگی، باغ ہستی کے رنگا رنگ پھول اور بار
بادِ نسیم کے جھونکے اور ہوا کی لہریں جس کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔ اسکی ذات
بلاشک و شبہ حقیقت واقعی ہے جس میں تخمین و ظن کی گنجائش نہیں ہیں افلا
تبصرون - بحر و بر کا ایک ایک ذرہ ذات باری تعالیٰ جل شانہٗ کی حمد کے
ترانے گا گا کر شہادت دیتا ہے کہ اشھد ان لا الٰہ الا اللہ وحدہٗ
لاشریک لہٗ - اور شجر و حجر کی شہادت کی صدا اتمام حجت کے لیے
منکرین تک کو سنائی دیتی ہے۔ ابوجہل کے ہاتھ میں سنگریزوں سے اشہد
ان لا الٰہ الا اللہ کی آواز آنا کسے معلوم نہیں اور آسمان پر ستاروں سے لفظ
محمد لکھا جانا کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں افلا تبصرون

"اعضائے انسانی کی خوبصورتی اور بناوٹ کیا ذات باری تعالیٰ جل شانہ پر
واضح شہادت نہیں ہے؟ افلا تبصرون

"صلصال سے تخلیق آدم اور اسکی ابقائے نسل کے لئے تولید و تناسل کے
مختلف مدارج اپنے اپنے مقام پر ناقابل تردید شواہد ہیں۔ افلا تبصرون

"یانار کونی بردا" کی صدا سے آتش نمرود کا ٹھنڈا ہو جانا کون نہیں
جانتا اور ناقۃ اللہ کا پتھر سے پیدا ہونا کسے معلوم نہیں ہے۔ عصائے
موسیٰ کا اژدہا بن جانا ایک بدیہی بات ہے۔ روح اللہ کا مہد میں کلام کرنا
اور مہد ہی میں اپنی نبوت کا اعلان کر کے مریم صدیقہ کی عصمت کی شہادت
دینا قادر بے چگوں کی قدرت و جلوہ گری نہیں تو اور کیا ہے؟ افلا تبصرون

س: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے دوبارہ آنے میں کیا حکمت ہے، جبکہ تجدید دین کے
لئے امت محمدیہ میں مجددین کے آنے کا سلسلہ جاری ہے۔

ج: اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کا یہ قانون ہے کہ جب وہ کسی نبی یا رسول کو مبعوث

فرماتا ہے تو اسکی صداقت کے لئے دو باتیں لازمی قرار دی جاتی ہیں۔ اول اس کی آمد سے پہلے اس کی آمد کا اعلان۔ دوم اس کے جانے کے بعد اس کی نبوت کی تصدیق کے لئے گواہی دلوانا۔ یہ دونوں امر حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم تک بالتصریح ثابت ہیں اور حضرت آدم کی تخلیق سے قبل اللہ تعالےٰ کا یہ اعلان واذ قال ربک للملٰئکۃ انی جاعل فی الارض خلیفۃ اس پر ایک واضح دلیل ہے۔ چونکہ ہمارے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم پر نبوت ختم ہوگئی۔ اور ان کے بعد ہر قسم کی نبوت کا دروازہ ہمیشہ کے لئے بند کر دیا گیا ہے اور سنت الٰہیہ کے مطابق ایک نبی کی تصدیق ایک نبی ہی کر سکتا ہے۔ اسلئے ان کی تصدیق کے لئے حضرت عیسےٰ علیہ السلام کا انتخاب کیا گیا تاکہ سنت اللہ میں کوئی تبدیلی واقع نہ ہو۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے رفع اور نزول کا مقصد صرف نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی شہادت دے کر سنت الٰہیہ کو پورا کرنا ہے اور بس"۔

ساتویں مجلس

۸ر جنوری ۱۹۷۲ء بروز ہفتہ ۲۰ر ذی قعدہ ۱۳۹۱ھ

صبح کی نماز کے بعد حضور کی خدمت میں حاضری کی سعادت نصیب ہوئی حضور دیوان خانہ عام کی غربی جانب مکتبہ نوشاہیہ میں قیام فرما تھے۔ صوفی نذیر احمد نوشاہی آف کالووال اور چند دیگر یاران طریقت آپ کی مجلس میں حاضر تھے۔ احقر نے علم ظاہر و باطن کی تفریق سے متعلق استفسار کیا تو حضور نے فرمایا :-

"اہل تکوین کے بعض افراد کی علمی کیفیت انہیں دوسرے اہل حال سے ممتاز کر دیتی ہے اور اسی علم لدنی کی برکت سے ان کی نظر عالم ناسوت کے حجاب سے

پار ہو کہ عالم باطن، عالم برزخ اور مابعد وقوع ہونیوالے واقعات تک جا پہنچتی ہے۔ ان کی نظریں کاتب ازل کے نوشتوں پر ہوتی ہیں، جنہیں بعض خاص لوگ بھی نہیں دیکھ سکتے۔ اس کی مثال قرآن مجید میں موجود ہے اور وہ مثال حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت خضر علیہ السلام کا قصہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ کے دو خاص بندوں کا مکالمہ درج ہے۔ اگرچہ دونوں کو علم لدنی حاصل تھا اور دونوں کی نظریں ازلی نوشتوں پر تھیں۔ لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام کی حدِ نظر کا دائرہ رشد وہدایت کی الواح تک محدود تھا۔ اور حضرت خضر علیہ السلام کی نظر امور تکوینیہ کے نوشتوں پر تھی۔ اس لئے کہ موسیٰ علیہ السلام سے متعلق صرف رشد وہدایت کا کام تھا اور حضرت خضر علیہ السلام والمدبرات امراً کے مظہر تھے۔ اگرچہ دونوں کے علوم کسبی نہیں تھے، لیکن دونوں کا کام مختلف تھا۔ اسلئے دونوں کے کام میں بھی تفاوت تھی اور ان کے یہ علوم ایک دوسرے سے برتری کا سبب نہیں تھے۔ کیونکہ دونوں کے علوم اپنے اپنے منصب سے متعلق تھے۔

دونوں کے منصب جدا جدا تھے اور ان کے کام بھی ایک دوسرے سے مختلف تھے۔ اسلئے جس جس کام پر وہ دونوں متعین تھے۔ انہیں اسی قسم کے علوم تفویض تھے اور یہ امر عین فطرت اور سنت الٰہیہ کے مطابق ہے۔ کیونکہ معیار فضیلت صرف علم نہیں ہے بلکہ فضیلت کا دارومدار وہ مناصب جلیلہ ہیں جو فیاض مطلق کی طرف سے عطا ہوتے ہیں۔

حضرت خضر اور موسیٰ علیہما السلام کی ملاقات اس دعویٰ کی بین دلیل ہے کہ علم ظاہر اور علم باطن دو جداگانہ علم ہیں اور یہ امر بھی اس واقعہ سے بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ ہر طبقہ کا علم ایک خاص حیثیت رکھتا ہے۔

نیز مقربین کے بعض طبقات کا حال دوسرے مقربین پر منکشف نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ "قطب الارشاد" اگرچہ منصب اور مقام کے لحاظ سے اہل تکوین کے بعض افراد سے افضل ہوتا ہے اور اس کا مقام ان کے مقامات سے بلند ہوتا ہے۔ لیکن امور تکوینیہ سے متعلق اس کی معلومات ایک ابدال کے برابر بھی نہیں ہوتیں چونکہ امور تکوینیہ اہل ارشاد سے متعلق نہیں ہوتے۔ اسلئے انہیں ان کا علم ہونا ضروری نہیں۔ نظام باطنی میں اس امر کو خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے کہ ہر شخص پر علوم باطنی کے دروازے اسی قدر وا کئے جائیں جسقدر اسے ضرورت ہو۔ صرف ہمارے نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم اس کلیہ سے مستثنےٰ ہیں۔ کیوں کہ آپ جامع جمیع علوم کائنات اور منبع علوم ہیں۔ خواہ وہ ظاہر سے متعلق ہو یا باطن سے یہاں تک لوح محفوظ کے مندرجات بھی آپ کے علوم کا بعض حصہ ہیں اور وہ آپ کے علوم پر حاوی نہیں ہیں سے

فان من جودک الدنیا وضرتھا

ومن علومک علم اللوح والقلم

یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ سالک جب لوح محفوظ کا مشاہدہ کرتا ہے تو اس کی نظر اپنے شیخ کی پیشانی پر ہوتی ہے۔ اور اسکے لئے شیخ کامل کی پیشانی ہی بمنزلہ لوح محفوظ کے ہوتی ہے سے

لوح محفوظ است پیشانی یار

علامہ رومی کے اس ارشاد کہ "لوح محفوظ است پیش اولیاء" کی بھی یہی تعبیر ہے۔ چونکہ اولیاء اللہ کے سامنے ہر وقت شیخ کا تصور ہوتا ہے۔ گویا ان کی نظریں اپنے شیخ کی پیشانی پر ہوتی ہیں جسے لوح محفوظ سے تعبیر کیا گیا ہے۔ عوام الناس میں بھی یہ بات مشہور ہے کہ ہر آدمی کی تقدیر اس کی پیشانی پر ثبت

ہوتی ہے۔ لیکن عام آدمی اور شیخ کامل کی پیشانی میں یہ فرق ہوتا ہے کہ شیخ کامل کی پیشانی میں کائنات کے رازہائے سربستہ ثبت ہوتے ہیں۔ یہ بات بھی ملحوظ رہے کہ ان کے علاوہ کائنات کے ہر ذرہ میں اس کی تقدیر ثبت ہوتی ہے اور اس کا مطالعہ وہ لوگ کرتے ہیں جو مطالعہ کرنے کی استعداد رکھتے ہیں۔ حضرت خضر علیہ السلام نے ہوا کی لہروں میں ظالم بادشاہ کی کارکردگی کو ملاحظہ کیا اور کشتی کو توڑا اور بچے کی پیشانی کا مطالعہ کرنے کے بعد اسے قتل کر دیا اور دیوار کا مطالعہ کرتے ہی ان پر اس کا دفینہ ظاہر ہو گیا۔ اور اسے تعمیر کیا۔

پس خضر اور موسے علیہما السلام کی ملاقات کا ذکر باطنی علوم اور اشارات کا واضح بیان ہے جو مزید کسی دلیل کا محتاج نہیں۔

علاج الامراض

احقر کی التماس پر حضور نے بعض باطنی امراض کے لئے مندرجہ ذیل وظائف ارشاد کئے :-

حسد کا علاج : کلمہ تمجید ایک سو بار پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کرے اور اپنے ہاتھ کو دل کے مقام پر پھیرے۔

بغض کا علاج : لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اکتالیس روز ایک ہزار بار یومیہ پڑھے۔

شہوت کا علاج : دعائے قنوت ایک سو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے۔

نفاق کا علاج : سورہ کوثر دو سو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے۔

طمع کا علاج : سورہ اخلاص گیارہ سو مرتبہ اکیس روز پڑھے۔

بدخوئی کا علاج : سورۂ مزمل گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے
گمراہی کا علاج : سورہ فاتحہ اسی مرتبہ روزانہ پڑھے ۔
تعصب کا علاج : سورہ تغابن پانچ مرتبہ روزانہ پڑھے ۔
زنا کا علاج : سورۂ یوسف تین مرتبہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھے ۔
غیبت کا علاج : چھٹا کلمہ اکیس بار روزانہ پڑھے ۔
خلوص کیلئے : یا عزیز گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے
شرک کا علاج : سورۂ توبہ پندرہ بار روزانہ پڑھے ۔
کفر کا علاج : سورۂ نجم گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے ۔
ریا کا علاج : سورۂ والضحیٰ پندرہ مرتبہ روزانہ پڑھے ۔
بخل کا علاج : سورہ والعصر ایک سو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے ۔
قبض کا علاج : درود شریف گیارہ ہزار مرتبہ گیارہ روز پڑھے ۔
مذموم کیفیت کا علاج : سورہ الم نشرح حالت مراقبہ میں ایک سو ایک بار پڑھے ۔
غلبہ شیطانی کا علاج : چوتھا کلمہ ایک سو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے ۔

نصائح

حضور قبلہ عالم مدظلہ نے ایک روز حسب ذیل نصیحتیں ارشاد فرمائیں جو احقر نے اپنے اور دیگر یاران طریقت کے فائدہ کیلئے قلمبند کرلیں

۱۔ ارشاد ہوا کہ بعض دفعہ انوار باطنی عالم ناسوت کے رنگ میں روشن ہوتے ہیں یعنی سامنے آتے ہیں۔ جن میں غمی، خوشی اور دیگر حادثات کے آثار ہوتے ہیں لیکن معمولی غور و فکر کرنے کے بعد ان کی حقیقت واضح ہو جاتی ہے۔ اسلئے سالک پر اگر لطائف قلبی خاص وقت پر روشن نہ ہوں تو اس کی اس کیفیت کو

کیفیت مذموم نہیں کہا جا سکتا۔

۲۔ ارشاد ہوا کہ مشائخین عظام کے مزارات کی زیارت کے وقت خوشبو کا آنا جو ایک خاص قسم کی خوشبو ہوتی ہے اس بات پر دلالت کرتی ہے، کہ صاحب مزار کے ساتھ زائر کی خصوصی نسبت قائم ہے۔

۳۔ ارشاد ہوا کہ کسی دنیادار سے ایسی توقع مت رکھو جو تمہارے لئے مفید ثابت ہو۔ لیکن اگر کوئی دنیادار تمہاری اعانت کرے تو اسے اعانت غیبی پر محمول کرو۔

۴۔ ارشاد ہوا کہ ایسے لوگوں کی صحبت نہ کرو جن کے ظاہر افعال قابل اعتراض ہوں

۵۔ ارشاد ہوا کہ عالم باطن کی باتیں ایسے لوگوں کے سامنے بیان نہ کرو جو عالم باطن سے متعلق یقین نہ رکھتے ہوں اور ایسے لوگوں کے سامنے بھی ان کا ذکر نہ کرو جو عالم باطن سے متعلق اعتقاد تو رکھتے ہیں لیکن قوت ضبط نہیں رکھتے۔

۶۔ ارشاد ہوا کہ کسی آدمی کو اس قدر ہمراز نہ بناؤ کہ وہ مخالف ہونے کی صورت میں تمہارے رازوں کی تشہیر کرے۔

۷۔ ارشاد ہوا کہ اپنے مشاہدات اور باطنی کیفیات دوسروں سے بیان نہ کرو کیونکہ اس طرح انوار میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔

۸۔ ارشاد ہوا کہ اگر از روئے کشف کسی کی موت کا علم ہو جائے یا کسی ایسی بات کا پتہ چل جائے جس سے لوگوں کا نفع یا نقصان ظاہر ہوتا ہو تو اسکی تشہیر نہ کی جائے اور اگر بیان کرنا ضروری ہو تو ایسے الفاظ میں بیان کیا جائے جو یقینی نہ ہوں بلکہ انمیں ظن اور تخمینہ پایا جائے

۹۔ ارشاد ہوا دن رات میں ایک ایسا وقت متعین کر کے ذکر فکر میں مشغول ہونا چاہیئے جس میں مکمل تنہائی ہو۔

۱۰۔ ارشاد ہوا کہ عالم باطن کے وہی احکام قابل پذیرائی ہوتے ہیں جو اپنے شیخ کے وسیلے سے ملیں

۱۱۔ ارشاد ہوا کہ سالک کو شریعت مطہرہ کے احکام کی تعمیل کرنے سے ہی ترقی ہوتی ہے اور اعلیٰ مدارج ملتے ہیں

خاتمہ

الحمد للہ کہ یہ مجموعہ ارشادات حضرت نیر تابان طریقت سید ابوالکمال برقؔ نوشاہی مدظلہ موسوم بہ حقائق المعارف پایہ تکمیل کو پہنچا اللہ تعالیٰ جمیع متوسلین سلسلہ کو اس سے مستفید فرمائے اور مخلصی فی اللہ صوفی محمد حنیف صاحب قمر نوشاہی سلمہ اللہ تعالیٰ کو دینی و دنیوی نعمتوں سے مالا مال کرے جنہوں نے اس مقدس رسالہ کی اشاعت کرکے بھائیوں پر احسان عظیم کیا ہے آمین ثم آمین

احقر عباد اللہ محمد انور نوشاہی بحر العلومی